میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

نمبر:PR18001 02/01/2017 منگل،15ربیع الثانی،1439ھ

امریکی راج ختم کرو، خلافت قائم کرو

"نو مور"؟ امریکی انٹیلی جنس اور اس کی غیر سرکاری فوج کے لیے اب امریکی سفارت خانے، قونصل خانے اور اڈے نہیں چلیں گے!

بے وقوف اور جابر امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ نے سال کی اپنی پہلی ٹویٹ کے ذریعے اس بات کو پاکستان کے مسلمانوں پر واضح کر دیا کہ نبوت کے منہج پر خلافت کا قیام وقت کی اشد ضرورت ہے جو ٹرمپ کو اس زبان میں جواب دے گی جو وہ سمجھتا ہے۔ ٹرمپ نے ٹویٹ میں کہا کہ، "امریکہ نے پاکستان کو 15 سال میں احمقانہ طور پر 33 ارب ڈالر امداد دی جبکہ پاکستان نے اس امداد کے بدلے میں ہمیں جھوٹ اور دھوکے کے سوا کچھ نہیں دیا، اس نے ہماری قیادت کو بے وقوف سمجھا۔ امریکہ جن دہشت گردوں کا افغانستان میں تعاقب کرتا ہے، انہیں پکڑنے میں پاکستان نہ ہونے کے برابر مدد کرتا ہے بلکہ ان دہشت گردوں کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرتا ہے لیکن اب ایسے نہیں چلے گا!"۔

امریکہ کی جانب سے دی جانے والی 33 ارب ڈالر کی امداد کوئی خیرات میں نہیں دی گئی تھی بلکہ یہ وہ رقم تھی جس میں سے پاکستان کے بے وقوف حکمرانوں نے اپنا حصہ وصول کر کے باقی رقم ہماری افواج کو امریکی مقاصد کی تکمیل کے لیے استعمال اور ایسی پالیسیاں نافذ کرنے کے لیے خرچ کی جن کے نتیجے میں ہماری معیشت تباہ ہوگئی۔ جہاں تک پاکستان کے مسلمانوں کا تعلق ہے تو اُن پر مسلط حکمران اُن کا سب سے بڑا بوجھ ہیں۔ امریکہ کے ساتھ اتحاد کی وجہ سے 9/11 کے بعد سے اب تک ہماری معیشت کو 123.1 ارب ڈالر کا نقصان پہنچ چکا ہے جبکہ اس کے علاوہ 80 ہزار سے زائد افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ لیکن اس حقیقت کے باوجود حکمرانوں نے امریکہ کے ساتھ اتحاد کے خاتمے کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا بلکہ مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لیے صرف جوشیلی تقاریر ہی کیں ہیں۔ اس سے بھی افسوسناک اور خطرناک بات یہ ہے کہ حکمران اُن استعماری ریاستوں، چین اور روس، کے ساتھ اتحاد بنا رہے ہیں جن کی امریکہ کی طرح اسلام اور مسلمانوں سے دشمنی اور نفرت شدید اور طے شدہ حقیقت ہے اور اس راہ پر چلنے سے ذلت و رسوائی کے ابواب میں اضافہ ہی ہو گا۔

اے پاکستان کے مسلمانو! نبوت کے منہج پر خلافت کے قیام سے کم کوئی بھی عمل جارح ریاستوں کے ہاتھوں ہمارے استحصال کو ختم نہیں کرے گا۔ ان استعماری ریاستوں کے ساتھ اتحاد بنانے کے بجائے خلیفہ راشد جارح ریاستوں کے ساتھ عملی حالت جنگ والا معاملہ کرے گا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے خبردار کیا ہے کہ:

الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا

"جن کی یہ حالت ہے کہ مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے پھرتے ہیں، کیا اُن کے پاس عزت کی تلاش میں جاتے ہیں؟ (تو یاد رکھو) عزت تو ساری کی ساری اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہے" (النساء:139)۔

امریکہ کے معاملے میں خلیفہ راشد امریکہ کے سفارت خانوں، قونصل خانوں کو بند کرے گا جو دوسرے ممالک میں امریکی دفتر خارجہ، پینٹاگون اور سینٹکام کے جاسوسی کے اڈے ہیں۔ خلیفہ راشد امریکی انٹیلی جنس اور اس کی غیر سرکاری فوج کو پاکستان سے نکال باہر کرے گا جو فالس فلیگ حملے کروا کر ہمارے ملک میں فتنے کی آگ بھڑکاتے ہیں۔

اے افواج پاکستان میں موجود مسلمانو! عزت، طاقت اور شہرت نہ ہی واشنگٹن، نہ ہی بیجنگ اور نہ ہی ماسکو سے ملے گی۔ عزت، طاقت اور شہرت صرف اور صرف اسلام سے ہی ملے گی اور وقت کی اشد ضرورت ہے کہ مسلمانوں کی ڈھال، نبوت کے منہج پر خلافت، کو فوراً بحال کیا جائے۔ بھائیوں یہی وقت ہے اگرچہ پہلے ہی اس میں بہت تاخیر ہوگئی ہے کہ آپ حزب التحریر کو خلافت کے قیام کے لیے نصرۃ فراہم کریں تاکہ خلیفہ راشد اللہ سبحانہ وتعالیٰ، اس کے رسول ﷺ اور مسلمانوں کے دشمنوں کے خلاف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد سے زبردست کامیابیوں کے حصول میں آپ کی قیادت کرے۔

﴿إِن يَنصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَإِن يَخْذُلْكُمْ فَمَن ذَا الَّذِي يَنصُرُكُم مِّن بَعْدِهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ﴾

"اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو اس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد کرے؟ ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے"

(آل عمران:160)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK